____

کونڈم دستیابی پروگرام (CAP) والدین / سرپرست کا اطلاعی خط

نئے داخلہ پانے والے ہائی اسکول طلبا کے عزیزی والدین، سرپرست یا نگران

تعلیمِ صحت جو ذمہ دارانہ فیصلہ سازی سِکھاتی ہے طلبا کو اسکول اور زندگی میں زیادہ کارآمد ہونے کے قابل بناتی ہے۔ طلبا جو تعلیم صحت موصول کرتے ہیں اسکے ایک اضافی جز کے بطور، نیویارک شہر محکمہء تعلیم کا HIV/AIDS تعلیمی پروگرام پبلک ہائی اسکولوں میں ایک کونڈم دستیابی پروگرام (CAP) کا مطالبہ کرتا ہے جو طلبا کی تعلیمِ صحت کی کلاسوں میں اور اس سے باہر فیصلہ سازی میں مدد کرسکتا ہے۔ ریاستی قانون کے مطابق، CAP کے ذریعے 12-9 گریڈ کے طلبا مفت کونڈم، طبی طور پر درست صحت کی معلومات اور اسکول کے تربیت یافتہ عملے سے صحت کے حوالوں کی درخواست کرسکتے ہیں۔

بطور ایک والدین، سرپرست یا نگران، آپ اسکول سے اپنے نوجوان (بچے) کو کونڈم فراہم **نہ** کرنے کی گزارش کرسکتے ہیں۔ عوامی صحت قانون 2504 § کے مطابق، آپ کو ایسی درخواست کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر آپکا بچہ 1) 18 سال یا زائد عمر کا ہے؛ 2) اسکی شادی ہوئی تھی یا فی الحال شادی شدہ ہے؛ 3) ایک والدین ہے اور/ یا 4) قانون کے تحت اپنے لیے اجازت دینے کا مجاز ہے۔

یہ درخواست کرنے کے لیے کہ آپکے بچے کو CAP کے ذریعے کونڈم فراہم **نہ** کیا جائے، آپکے لیے ذیل کی معلومات کے ساتھ مجھے ایک خط تحریر کرنا لازمی ہے:

- طالب علم کا پورا نام
- طالب علم کا گریڈ
- طالبِ علم کا شناختی نمبر (نوٹ: اگر آپکے پاس یہ معلومات نہیں ہے تو ہم آپکو یہ معلومات فراہم کریں گے)
- ذیل کا بیان: " _______________(طالب علم کا مکمل نام) کو کونڈم دستیابی پروگرام کے تحت کونڈم نہیں ملنے چاہییں۔"
- آپکے دستخط بطور والدین، سرپرست یا نگران

اگر آپ اپنا ارادہ تبدیل کرلیں اور فیصلہ کریں کہ آپکا بچہ کونڈم کی درخواست کرسکتا ہے، آپ اسکولی سال کے دوران کسی وقت بھی مجھے خط بھیج سکتے ہیں۔ CAP تربیت یافتہ ممبران تمام طلبا کی رازداری کو یقینی بنانے کے پابندِ عہد ہیں، بشمول انکے جو پروگرام میں حصہ نہیں لیتے ہیں۔

ہم آپکی حوصلہ افزائی کریں گے کہ آپ گھر پر اپنے نوبالغ کی صحت سے متعلق مثبت انتخابات کرنے میں مدد کے لیے جنسی صحت اور صحت کے دیگر موضوعات پر گفت وشنید کریں۔ نیویارک شہر کے طلبا کو قابلِ احترام، صحتمند، اور نشو ونما پانے کے قابل بنانے میں مدد کے لیے ہمارے ساتھ ملکر کام کرنے کا شکریہ۔

بخلوص،

____

پرنسپل